## پاکستانی فلم ساز محترمہ شرمین عبید چنائے کو دستاویزی فلم بنانے پر دنیائے فلم کا سب سے بڑا آسکر ایوارڈ جیتنے پر جناب الطاف حسین کی مبارکباد

## دستاویزی فلم میں مظلوم پر ظلم کو اجاگر کیا گیا اور دنیا بھر کی توجہ اس جانب مبذول کرائی گئی جس پر شرمین چنائے اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کی مستحق ہے

## پاکستان مرد اور خواتین ہر شعبے میں اپنی کارکردگی کا لوہا منوانے کی صلاحیت رکھتے ہیں

لندن:۔۔۔27،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستانی فلم ساز محترمہ شرمین عبید چنائے کو دستاویزی فلم بنانے پر دنیائے فلم کا سب سے بڑا آسکر ایوارڈ جیتنے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے اور اسے تمام پاکستانیوں کیلئے اعزاز قرار دیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ شرمین عبید چنائے نے دستاویزی فلم ''سیونگ فیس'' کے ذریعے خواتین پر ہونے والے مظالم کو نہ صرف اجاگر کیا ہے بلکہ اس دستاویزی فلم کے ذریعے مظلوم خواتین کے تحفظ کیلئے دنیا بھر کی توجہ بھی مبذول کرائی ہے جس پر شرمین عبید چنائے اور ان کی پوری ٹیم زبردست خراج تحسین کی مستحق ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دستاویزی فلم ''سیونگ فیس'' کو آسکر ایوارڈ ملنا پاکستان کیلئے خوش آئند ہے اور اس اعزاز کے علاوہ دنیا کے دیگر شعبوں میں پاکستانی مرد اور خواتین کی کامیابیاں اس کا ثبوت ہے کہ وہ فکری اور ذہنی صلاحیتوں سے مالا مال ہیں اور ہر شعبے میں اپنی کارکردگی کا لوہا منوانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

## آسکر ایوارڈ حاصل کرنے پر شرمین عبید چنائے کو ایم کیو ایم کی جانب سے گولڈ میڈل دیا جائے گا۔الطاف حسین کا اعلان

## وطن واپسی پر شرمین عبید چنائے کا بھرپور استقبال کیا جائے گا اور ان کے اعزاز میں استقبالیہ منعقد کیا جائے گا

## پاکستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، ارباب اختیار اور حکمراں ٹیلنٹ کی قدر کریں تو پاکستان کا نام دنیا بھر میں مزید بلندیوں پر دکھائی دے گا۔نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے فون پر گفتگو

لندن۔۔۔ 27 فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ دنیائے فلم کا سب سے بڑا اعزاز آسکر ایوارڈ حاصل کرنے پر پاکستان کی خاتون فلم ساز شرمین عبید چنائے کو ایم کیو ایم کی جانب سے گولڈ میڈل دیا جائے گا۔انہوں نے یہ اعلان آج نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ شرمین عبید چنائے نے پاکستان میں خواتین کو تیزاب پھینک کر جلائے جانے کے بارے میں دستاویزی فلم بنا کر خواتین کے ساتھ ہونے والے ظلم کو دنیا میں جس مؤثر انداز میں پیش کیا ہے اس پر انہیں آسکر ایوارڈ کا حقدار قرار دیا گیا جو کہ نہ صرف شرمین عبید چنائے بلکہ پاکستان کیلئے ایک اعزاز ہے جس پر پوری قوم شرمین عبید چنائے اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کرتی ہے۔جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی سے کہا کہ وطن واپسی پر شرمین عبید چنائے کا بھرپور استقبال کیا جائے گا اور ان کیلئے استقبالیہ کا اہتمام کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ شرمین عبید چنائے نے یہ اعزاز حاصل کر کے پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے اور پاکستانیوں کا سر فخر سے بلند کر دیا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، ارباب اختیار اور حکمراں میرٹ کی بنیاد پر ٹیلنٹ کی قدر کریں تو پاکستان کا نام دنیا بھر میں مزید بلندیوں پر دکھائی دے گا اور دنیا بھر میں پاکستان کی عزت اور قدر و منزلت میں اضافہ ہوگا۔

## نوشہرہ میں عوامی نیشنل پارٹی کے جلسہ میں بم دھماکے پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت

## بم دھماکے پر اے این پی کے تمام رہنماؤں، کارکنوں اور دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## واقعہ ایک کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔الطاف حسین

لندن:۔۔۔27 فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے خیبر پختونخوا کے شہر نوشہرہ میں عوامی نیشنل پارٹی کے جلسہ میں بم دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ میں متعدد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ واقعہ ایک کھلی دہشت گردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے بم دھماکے پر اے این پی کے تمام رہنماؤں، کارکنوں اور دھماکے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے اس واقعہ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے بلاتفریق مذہب ومسلک، رنگ ونسل اور زبان کے صرف اور صرف مظلوموں کے لئے آواز بلند کی ہے، سیف یار خان

## ایم کیوایم ملک کی وہ واحد جماعت ہے جو خواتین کے حقوق کے لئے عملی جدوجہد کررہی ہے، سائرہ بیگم

## ایم کیوایم اپنے قائد الطاف حسین کی قیادت میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح اور شاعر ومفکرِ پاکستان ڈاکٹر علامہ اقبال کے خوابوں کو تعبیر عطاء کرسکتی ہے، طارق محمود مغل

## الطاف حسین ہی وہ واحد لیڈر ہیں جن کے قول وفعل میں کوئی تضاد نہیں، وہ جو کہتے ہیں وہ کرکے دکھاتے ہیں۔ ذاکر شاہ، چوہدری شہزاد احمد

## سیاسی جماعتوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس کے دوران ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

لاہور۔۔۔27فروری2012ء

گوگا پہلوان کی صاحبزادی اور رستمِ پاکستان زبیر عرف جھارا کی اہلیہ سائرہ بیگم، انجمن تاجران لاہور کے نائب صدر اور مسلم لیگ ن کے PP155 کے سنیئر نائب صدر طارق محمود مغل، رانا محمد نعیم ظفر جنرل سیکریٹری یوتھ ونگ یوسی 84، اے این پی کی سینٹرل ایگزیکٹیو کونسل کے رکن ذاکر شاہ صاحب، چوہدری شہزاد احمد جنرل سیکریٹری اے این پی گوجرانوالہ ڈویژن، مسلم لیگ ق کے نائب صدر لاہور ملک افضل صاحب، معروف بزنس مین خالق رضا خان اور ڈاکٹر قمر ذوالفقار ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں پرہجوم پریس کانفرنس کے دوران ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کردیا۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے تمام افراد کو ایم کیوایم میں شمولیت پر قائد تحریک جناب الطاف حسین، رابطہ کمیٹی، صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب، زونل کمیٹی لاہور اور ایک ایک کارکن کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد جوق در جوق ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں کیونکہ اب اس ملک کے عوام جان چکے ہیں کہ ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے جو اپنے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں اس ملک کو ترقی واستحکام دلاسکتی ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ پنجاب ہاؤس واقع نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رکن رابطہ کمیٹی سیف یار خان نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے بلاتفریق مذہب ومسلک، رنگ ونسل اور زبان کے صرف اور صرف مظلوموں کے لئے آواز بلند کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خصوصاً پنجاب میں ہونے والے جلسوں میں لاکھوں عوام کی شرکت اور خصوصی طور پر باغ جناح کراچی میں ''بااختیار عورت، مضبوط پاکستان'' کے عنوان سے دنیا کے سب سے بڑے خواتین کے جلسہ عام نے اس بات کو ثابت کردیا ہے کہ اب ملک بھر کے مظلوموں کی جدوجہد میں خواتین بھی جناب الطاف حسین کی قیادت میں متحد ومنظّم ہیں۔ اس موقع پر جھارا پہلوان کی اہلیہ سائرہ بیگم نے ایم کیوایم شامل ہونے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ میں نے تمام سیاسی پارٹیوں کے منشور کا تجزیہ کیا اور آخر اس نتیجے پر پہنچی کہ پاکستان میں ایم کیوایم ہی وہ واحد جماعت ہے جو خواتین کے حقوق کے لئے آواز بلند کررہی ہے اور ان کو حقوق دلانے کے لئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ ایم کیوایم میں شامل ہونے میں سب سے اہم بات ایم کیوایم کے زیراہتمام کراچی میں منعقد ہونے والا خواتین کا دنیا کا سب سے بڑا کامیاب ترین جلسہ ہے جس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خواتین کو بااختیار بنانے اور ان کو اسلامی تعلیمات کے مطابق تمام حقوق اور نمائندگی کے حوالے سے بات کی۔ مسلم لیگ ن کے طارق محمود مغل نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ ہم ایک ایسی تحریک کا حصہ بننے جارہے ہیں جو اپنے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح اور شاعر ومفکرِ پاکستان ڈاکٹر علامہ اقبال کے خوابوں کو تعبیر عطاء کرسکتی ہے اور 98 فیصد متوسط طبقے کے غریب ومحکوم عوام کو ان کے جائز حقوق دلواسکتی ہے۔ ایم کیو ایم میں شامل ہونے کے بعد عام کارکن کی حیثیت سے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور استحکام کے لئے اپنے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت میں عملی جدوجہد کریں گے اور خصوصاً پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف پھیلائی گئی غلط فہمیوں اور نفرتوں کے خاتمے کے لئے بھی عملی کردار ادا کریں گے۔ اے این پی کی سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے رکن ذاکر شاہ اور گوجرانوالہ ڈویژن کے جنرل سیکریٹری چوہدری شہزاد احمد نے کہا کہ میں اے این پی کو چھوڑ کر آج سے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا سپاہی بننے کا اعلان کرتے ہیں۔ کیونکہ الطاف حسین ہی وہ واحد لیڈر ہیں جن کے قول وفعل میں کوئی تضاد نہیں، وہ جو کہتے ہیں وہ کرکے دکھاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہوچکی ہے کہ ایم کیوایم ایک حقیقت اور محبِّ وطن جماعت ہے۔ اور جو سازشی عناصر ان کے ساتھ زیادتیاں کررہے ہیں وہ عارضی ہیں۔ اور ایم کیوایم ملک کی سب سے بڑی جماعت بنے گی۔ کیونکہ ایم کیوایم اپنے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفے حقیقت پسندی وعملیت پسندی کے مطابق بلاتفریق رنگ ونسل ملک کے تمام مظلوموں کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے یہ ہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کی مقبولیت میں نہ صرف دن بہ دن تیزی سے اضافہ ہورہا ہے اور لوگ جوق در جوق ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔ اس موقع پر ملک افضل اور دیگر شامل ہونے والے افراد نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی وہ واحد جماعت ہے جس نے اس ملک میں 64 سالوں سے رائج جاگیردارانہ، وڈیرانہ

اور سردارانہ اور فرسودہ نظام کے خلاف آواز اٹھائی اور عملی جدوجہد کی۔ اور مجھے یہ کہنے میں فخر محسوس ہورہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہی ملک کے وہ واحد رہبرورہنماء ہیں جو اپنی حق پرستی کی تحریک کے نظریہ ''حقیقت پسندی اور عملیت پسندی'' پر اخلاص اور سچائی کے ساتھ عمل پیرا ہیں اور وہ نہ صرف ملک وقوم کو اندرونی، بیرونی اور عالمی سطح پر استحکام اور مضبوطی فراہم کرسکتے ہیں بلکہ ترقی وخوشحالی کی راہیں کھول سکتے ہیں۔ اس موقع پر سینٹرل ایگزیکٹوکونسل کے رکن سید شاہین انور گیلانی، صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے جوائنٹ انچارج شبیر احمد قائم خانی، رکن کمیٹی زاہد شاہ، لاہور زونل کمیٹی کے انچارج ملک وسیم کھوکھر، ڈسٹرکٹ لاہور کے انچارج ارشاد الحق سمیت کارکنوں اور خواتین کی ایک بڑی تعداد موجود تھی۔

## مقامی حکومتوں کا نظام قائم نہ کیا گیا تو جمہوریت آگے نہیں بڑھے گی۔ ڈاکٹر فاروق ستار

## پوری دنیا میں مقامی حکومتوں کے نظام کو فروغ ملا ہے جس کی وجہ سے آج وہ ترقیاتی ممالک کی صف میں کھڑے ہیں

## کورنگی میں تعمیر کئے گئے مختلف ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں کے افتتاح اور سنگ بنیاد تقریب سے خطاب

کراچی ۔۔۔27، فروری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز و وفاقی وزیر سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا ہے کہ اگر مقامی صوبوں کے انتخابات وقت پر ہوجاتے تو آج ہم 20 کروڑ روپے کے بجائے ایک سوبیس کروڑ کے منصوبوں کا اعلان کرتے۔ اس کا مطلب ہے کہ مقامی حکومتیں جمہوریت کی بنیاد ہوتیں ہیں اور بنیاد کے بغیر جمہوریت قائم نہیں رہ سکتی، پوری دنیا میں مقامی حکومتوں کے نظام کو فروغ ملا ہے جس کی وجہ سے آج وہ ترقیاتی ممالک کی صف میں کھڑے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی میں حق پرست صوبائی وزیر ماحولیات شیخ محمد افضل کے 20 کروڑ روپے سے زائد کی لاگت کے فنڈز سے کورنگی میں تعمیر کئے گئے مختلف ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں کے افتتاح اور سنگ بنیاد کے سلسلے میں کورنگی نمبر چھ میں واقع ابراہیم پلے فٹبال گراؤنڈ (اسلامیہ گراؤنڈ) میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل، ارکان قومی اسمبلی، ایوب شیخ، آصف حسنین، صوبائی اسمبلی عامر معین پیرزادہ اور کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔ ان ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں میں کورنگی نمبر ڈھائی میں واقع 14 ہزار روڈ، کورنگی ساڑھے پانچ سوکوارٹر روڈ، کورنگی پونے چھ میں روڈ اور کورنگی سوکوارٹر میں ہی تعمیر کئے گئے دو اسکولوں کے افتتاح کے علاوہ کورنگی میں ٹیچرز ٹریننگ اسکول، کورنگی پونے چھ میں بی ٹیک کالج اور ابراہیم فٹبال گراؤنڈ کا سنگ بنیاد شامل ہیں۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے منتخب نمائندوں کو عوام کی عملی خدمت کا درس دیا ہے اور حق پرست نمائندے عوام کی خدمت عبادت سمجھ کر انجام دے رہے ہیں۔ تقریب سے ارکان قومی اسمبلی ایوب شیخ اور آصف حسنین نے بھی خطاب کیا ہے۔

## صوبائی وزیر شیخ محمد افضل کے 20 کروڑ روپے سے زائد کی لاگت کے فنڈز سے کورنگی میں تعمیر کئے گئے

## مختلف ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں کا پیر کے روز افتتاح اور سنگ بنیاد رکھ دیا

## ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کا کورنگی کے عوام نے زبردست خیر مقدم

کراچی ۔۔۔27، فروری 2012ء

حق پرست صوبائی وزیر ماحولیات شیخ محمد افضل کے 20 کروڑ روپے سے زائد کی لاگت کے فنڈز سے کورنگی میں تعمیر کئے گئے مختلف ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں کا پیر کے روز افتتاح اور سنگ بنیاد رکھ دیا گیا۔ ان ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے رکھا جبکہ ان منصوبوں پر 20 کروڑ روپے سے زائد کی لاگت آئی ہے۔ ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں میں کورنگی نمبر ڈھائی میں واقع 14 ہزار روڈ، کورنگی ساڑھے پانچ سوکوارٹر روڈ، کورنگی پونے چھ میں روڈ اور کورنگی سوکوارٹر میں ہی تعمیر کئے گئے دو اسکولوں کے افتتاح کے علاوہ کورنگی میں ٹیچر ٹریننگ اسکول، کورنگی پونے چھ میں بی ٹیک کالج اور ابراہیم افٹبال گراؤنڈ کا سنگ بنیاد شامل ہیں ۔تقریب میں ایم کیو ایم ارکان قومی اسمبلی ایوب شیخ، آصف حسنین، ارکان صوبائی اسمبلی عامر معین پیرزادہ، علیم الرحمٰن بھی موجود تھے۔ اس موقع پر خواتین، علاقوں کے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ حق پرست صوبائی شیخ محمد افضل کے ترقی فنڈز سے ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کا کورنگی کے عوام نے زبردست خیر مقدم کیا اور اسے حق پرست قیادت کی جانب سے عوام الناس کیلئے بلاتفریق کی جانے والی عملی خدمت کا ثبوت قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ حق پرست نے ہمیشہ عوام کی خدمت اپنا فرض سمجھ کا انجام دی ہے اور بیک وقت اتنے ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد کورنگی کے عوام کیلئے حق پرست قیادت کا تحفہ ہے۔ انہوں نے ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں کے سنگ بنیاد اور افتتاح پر حق

پرست قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔
قبل ازیں وایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ڈپٹی کنونیر ڈاکٹر فاروق ستار نے ابراہم فٹبال گراؤنڈ (اسلامیہ گراؤنڈ) کا فتہ کاٹ کر افتتاح کیا اور ینگ آزاد فٹبال کلب کے کوچ محمد رمضان نے ڈاکٹر فاروق ستار کو شیلڈ پیش کی۔

## ذاتی اور علاقائی مسائل کے حوالے سے فیکس یا ای میل انٹرنیشنل سیکریٹریٹ نہ بھیجیں بلکہ اس سلسلے میں اپنے علاقوں کے منتخب نمائندوں سے رابطے کریں۔

### ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں سے رابطہ کمیٹی کی درخواست

### تنظیمی وسیاسی کاموں کے بڑھتے ہوئے دباؤ کے پیش نظر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں موجود اراکین رابطہ کمیٹی

### کرائے کے گھر، پلاٹ، شادی بیاہ، ملازمت، ٹرانسفر پوسٹنگ اور دیگر ذاتی ونجی نوعیت کے مسائل کے بارے میں درخواستوں پر توجہ دینے سے قاصر ہیں

لندن:۔۔۔27فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردعوام سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے ذاتی اور علاقائی مسائل کے حوالے سے فیکس یا ای میل انٹرنیشنل سیکریٹریٹ نہ بھیجیں بلکہ اس سلسلے میں اپنے علاقوں کے منتخب نمائندوں سے رابطے کریں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ تنظیمی وسیاسی کاموں کے بڑھتے ہوئے دباؤ کے پیش نظر انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں موجود اراکین رابطہ کمیٹی کرائے کے گھر، پلاٹ، شادی بیاہ، ملازمت، ٹرانسفر پوسٹنگ اور دیگر ذاتی ونجی نوعیت کے مسائل کے بارے میں درخواستوں پر توجہ دینے سے قاصر ہیں لہٰذا کارکنان وعوام سے درخواست ہے کہ وہ ان مسائل کے حل کے سلسلے میں انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فیکس بھیجنے کے بجائے اپنے علاقوں کے منتخب نمائندوں سے رابطہ کریں۔

## شہر میں جرائم پیشہ افراد کی بھتہ خوری اور سماج دشمن سرگرمیاں معاشی، اقتصادی اور کاروباری سرگرمیاں تباہ کرنے کے مترادف ہے، رابطہ کمیٹی

### بھتہ نہ دینے کی پاداش میں تاجروں کی ہلاکت اور فائرنگ کرکے خوف وہراس پھیلانے کے واقعات قابل مذمت ہیں

### بھتہ خوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تاجروں، دکانداروں اور عوام کے احتجاج اور ان کی مشکلات میں اضافے پر اظہار تشویش

### تاجروں، دکانداروں اور کاروباری حضرات کو بھتہ خوروں سے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے

کراچی۔۔۔27،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شہر کے مختلف علاقوں بالخصوص اولڈ سٹی ایریا میں دہشت گردوں کی جانب سے بھاری رقوم کی بھتہ کی پرچیاں تقسیم کرنے اور بھتہ نہ دینے کی پاداش میں تاجروں کی ہلاکت اور فائرنگ کرکے خوف وہراس پھیلانے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بھتہ خوری پر تاجروں، دکانداروں اور عوام کے احتجاج اور ان کی پریشانیوں اور مشکلات پر اضافے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جرائم پیشہ افراد پر مشتمل بھتہ خور مافیا نے شہر بھر میں کاروباری مراکز پر بھتہ کی پرچیاں دینا معمول کا حصہ بنالیا گیا ہے، تاجر برادری اور دکانداروں کی شکایت اور احتجاج کے باوجود بھتہ خوری میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایم کیوایم کی نشاندہی کے باوجود کسی قسم کی کوئی ٹھوس کارروائی دیکھنے میں نہیں آرہی ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں سماج دشمن عناصر کی جانب سے بھتہ خوری کی وارداتوں میں اچانک اضافہ کاروباری حضرات اور پرامن شہریوں کی جان ومال بھی عدم تحفظ کا شکار ہوکر رہ گئی ہے اور بھتہ خوروں کی جانب سے بھتہ نہ دینے کی پاداش میں تاجروں اور دکانداروں کو فائرنگ کا نشانہ بناکر بیدردی سے قتل بھی کیا جاچکا ہے اور یہ تمام صورتحال تاجروں اور پرامن شہریوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔ رابطہ کمیٹی نے مزید کہا کہ کراچی معاشی حب ہے ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور شہر میں مسلسل جرائم پیشہ افراد کی بھتہ خوری اور سماج دشمن سرگرمیاں شہر کی معاشی، اقتصادی اور کاروباری سرگرمیاں تباہ کرنے کے مترادف ہے جس کی ہر محبّ وطن شہری کو مذمت کرنی چاہیئے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور وزیر داخلہ سندھ منظور وسان سے مطالبہ کیا کہ شہر میں جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے بھتہ خوری کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث سماج دشمن عناصر کو فی الفور گرفتار کرکے تاجروں اور عوام کو جان ومال کا تحفظ فراہم کرنے کیلئے مثبت اور ٹھوس نوعیت کے اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیوایم کی ''اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی'' کے نام کوتبدیل کرکے ''سندھ تنظیمی کمیٹی'' رکھ دیا گیا، ایم کیوایم کا اعلامیہ

کراچی۔۔۔27،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی ''اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی'' کے نام کوتبدیل کرکے ''سندھ تنظیمی کمیٹی'' رکھ دیا گیا ہے۔ایم کیوایم نے اپنے ایک اعلامیہ میں تمام ذمہ داران وکارکنان کومطلع کیا ہے کہ اب اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کوسندھ تنظیمی کمیٹی کے نام سے پکارااورلکھا جائے۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین لیبرڈویژن کے سلورجوبلی یوم تاسیس کے اجتماع سے منگل کوٹیلی فونک خطاب کریں گے

## لال قلعہ گراؤنڈعزیزآباد میں لیبرڈویژن کے سلورجوبلی یوم تاسیس ''خوشحال مزدور، مستحکم پاکستان'' کے اجتماع کے انتظامات کوحتمی شکل دیدی گئی

کراچی۔۔۔27،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین مورخہ 28 فروری بروزمنگل کوایم کیوایم لیبرڈویژن کے سلورجوبلی یوم تاسیس کے موقع پرمنعقدہ ''خوشحال مزدور، مستحکم پاکستان'' کے اجتماع سے سہ پہر3 بجے لندن سے ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔لیبرڈویژن کے سلورجوبلی یوم تاسیس کے موقع پرمنعقدہ اجتماع میں سرکاری ونیم سرکاری اداروں کے محنت کش،مزدور یونین کے عہدیداران اورایم کیوایم لیبرڈویژن کے کارکنان شرکت کریں گے۔لیبرڈویژن کے سلورجوبلی یوم تاسیس کے سلسلے میں کارکنان میں زبردست جوش و خروش پایا جارہاہےاوراس سلسلے میں لال قلعہ گراؤنڈ میں اجتماع کے انتظامات کوحتمی شکل دیدی گئی ہے۔

## پنجاب کے معروف صنعتکاروں میاں محمدعتیق اورمحمدصلاح الدین کوایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹوکمیٹی میں شامل کرلیا،رابطہ کمیٹی

کراچی:۔۔۔27رفروری2012ء

پنجاب کے معروف صنعتکاراورراولپنڈی چیمبرآف کامرس کے سابق نائب صدرمیاں محمدعتیق اورمعروف صنعتکارمحمدصلاح الدین کوایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹوکونسل میں شامل کرلیا گیا ہے۔یہ فیصلہ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے اجلاس میں کیا گیا۔قائدتحریک جناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کردی ہے۔

## عزیزخان کے انتقال پرجناب الطاف حسین کا اظہارِافسوس

لندن:۔۔۔27فروری،2012ء

متحدہ قومی موو،منٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروکے پڑوسی عزیزخان کے انتقال پرگہرے رنج وغم کا اظہارکیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہارکرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابرکے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

## چوہدری اکمل خورشیداوردیگرعہدیداران کوپنجابی ادبی کونسل کا چیئرمین اوراراکین منتخب ہونے پررابطہ کمیٹی کے رکن افتخاراکبررندھاوا کی مبارکباد

لاہور۔۔۔27فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخاراکبررندھاوانے چوہدری اکمل خورشیداوردیگرعہدیداران کوپنجابی ادبی کونسل کا چیئرمین اوراراکین منتخب ہونے پردلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجابی ادبی کونسل کے نومنتخب چیئرمین اوردیگرعہدیداران اپنی صلاحیتوں کوبروئے کارلائیں گے اورمسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپورعملی کردارادا کریں گے۔

## ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز ( آباد ) کے محسن شیخانی اور معین الدین کی سربراہی میں وفد کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

کراچی:۔۔۔27فروری،2012ء

ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈیولپرز ( آباد ) کے محسن شیخانی اور معین الدین کی سربراہی میں وفد نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکین وسیم آفتاب اور کنور خالد یونس سے ملاقات کی ۔ملاقات میں وفد نے رابطہ کمیٹی کے اراکین کو ایم کیوایم کے تحت منعقد ہونیوالے جلسہ عام ''با اختیار عورت ۔۔مضبوط پاکستان'' کی تاریخ ساز کامیابی پر مبارکباد پیش کی ۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر عادل صدیقی بھی موجود تھے ۔وفد نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سے سندھ بلڈنگ کنڑول اتھارٹی کے مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ صورتحال میں کراچی کے شہریوں سے پراپرٹی کی مد میں اضافی ٹیکس وصول کرنے کا عمل صریحاً غلط ہے جس سے شہریوں میں شدید بے چینی پیدا ہورہی اور وہ ذہنی پریشانی وکرب کا شکار ہیں ۔انہوں نے کہا کہ شہر بھر کی تعمیراتی انڈسٹریاں لوڈشیڈنگ کے عذاب کو پہلے ہی جھیل رہی ہیں اور اب سندھ بلڈنگ اتھارٹی شہر کے عوام پر مزید بوجھ ڈال رہی ہے ۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین نے وفد کی جانب سے پیش کردہ مسائل اور گزارشات کو بغور سنا اور اس پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہیں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین بھی دلایا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام سفر کھوسہ گوٹھ گڈاپ ٹاؤن میں مفت طبی کیمپ کا انعقاد

## حق پرست صوبائی وزیر نادیہ گبول کا طبی کیمپ کا دورہ

کراچی۔۔۔27 فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن پاکستان کے زیراہتمام وزارت انسانی حقوق، فاطمید فاؤنڈیشن اور میری ایڈیلیڈ فاؤنڈیشن کے تعاون سے گڈاپ ٹاؤن کی یونین کونسل 3 میں واقع سفر کھوسہ گوٹھ میں ٹی بی، تھیلیسیمیا اور جذام کے امراض کے علاج کیلئے مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔علاج و معالجہ کی سہولیات سے سفر کھوسہ گوٹھ، مبارک بروہی گوٹھ، کلمتی گوٹھ اور اس کے قرب وجوار میں واقع گوٹھوں کے سینکڑوں مریضوں نے استفادہ حاصل کیا۔مفت طبی کیمپ میں مختلف امراض کے ماہر ڈاکٹروں نے مریضوں کے مفت طبی معائنے کے بعد انہیں مفت ادویات فراہم کیں ۔کیمپ میں ہنگامی طور پر سیریس مریضوں کو ہسپتال لے جانے کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولنس موجود رہی ۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق محترمہ نادیہ گبول نے انچارج KMOC فرخ اعظم اور رکن سید معین الدین کے ہمراہ میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا اور کیمپ میں موجود مریضوں سے ان کی خیریت دریافت کی ۔اس موقع پر مریضوں نے صوبائی وزیر محترمہ نادیہ گبول سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین وہ واحد رہنما ہیں جو غریب عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کررہے ہیں ۔صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق محترمہ نادیہ گبول نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کے مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کررہے ہیں ۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔27فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی آئی لینڈ یونٹ منوڑہ کے کارکن عامر داؤد کی صاحبزادی سمیعہ داؤد، لائنز ایریا سیکٹر یونٹ 197 کے کارکن محمد جمیل کی والدہ محترمہ صغیرہ بیگم اور ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کے پڑوسی عزیز خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔( آمین )

## جامعہ کراچی میں امن وامان کی صورتحال کوفوری بہتر بنا کرشر پسند عناصر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے

## اے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ کا صدر، وزیر اعظم، گورنرسندھ، وزیر اعلٰی سندھ، شیخ الجامعہ ڈاکٹر محمد قیصر اور دیگر اعلٰی حکام سے مطالبہ

## اے پی ایم ایس او بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق تعلیمی اداروں میں فروغِ علم اور فروغِ امن چاہتی ہے

کراچی:۔۔۔27فروری2012ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیر اعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، گورنرسندھ، وزیر اعلٰی سندھ سید قائم علی شاہ، شیخ الجامعہ ڈاکٹر محمد قیصر اور دیگر اعلٰی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ جامعہ کراچی میں امن وامان کی صورتحال کوفوری بہتر بنایا جائے اور جامعہ کے پرامن ماحول کوخراب کرنے والے شر پسند عناصر کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لا کرانھیں سخت سے سخت سزا دی جائے۔ایک جاری کردہ بیان میں مرکزی کابینہ نے کہا کہ شر پسند عناصر کی جانب سے جامعہ کراچی میں آزادانہ اسلحے کا لمحہ فکر یہ ہے۔انھوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق تعلیمی اداروں میں فروغِ علم اور فروغِ امن چاہتی ہے اور جس کی واضح مثال جامعہ کراچی کے حالیہ پرتشدد ماحول میں پیغامِ امن کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد بھی ہے۔اراکین مرکزی کابینہ نے کہا کہ گزشتہ دنوں سے جامعہ کی صورتحال کے باعث طلبہ وطالبات میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے جبکہ والدین اپنے بچوں کوحصولِ علم کے لیے جامعہ بھیجنے سے قاصر ہیں۔انھوں نے کہا کہ اس سے قبل جامعہ سندھ میں ڈائریکٹر اسٹوڈینٹس افیئر ز بشیر چنڑ کی ہلاکت کے بعد سے 53 دن تک تدریسی عمل متاثر رہا تھا جس سے براہ راست طلبہ وطالبات کی تعلیم کوشدید نقصان پہنچا تھا۔اراکین مرکزی کابینہ نے جامعہ کراچی میں حالیہ پرتشدد واقعات کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ جامعہ کراچی کے ماحول کوفی الفور پرامن بنایا جائے۔

☆☆☆☆☆